وفیات

سیٹھی جمیل احمد، کامران افضل، عمران افضل، عدنان افضل اور عرفان اکرم کو صدمہ

مورخہ 16 فروری بروز جمعرات میر افضل مرحوم کی اہلیہ، سیٹھی جمیل احمد کی ہمشیرہ، کامران افضل، عمران افضل و عدنان افضل کی والدہ اور عرفان اکرم کی خوشدامن وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ گلفشاں کالونی میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

اورنگ زیب (زیب جیولرز)، عثمان زیب، اویس زیب، شاہ زیب آصف پرویز و کاشف پرویز کو صدمہ

مورخہ 19 مارچ بروز سوموار اورنگ زیب (زیب جیولرز) کی والدہ اور عثمان زیب، اویس زیب، شاہ زیب، آصف پرویز و کاشف پرویز کی دادی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

محمد جمیل (حرمین ٹیلرز)، فاروق زرگر اور سہیل مجید (میر پور) کو صدمہ

مورخہ 4 اپریل بروز بدھ محمد جمیل و فاروق زرگر کی خالہ زاد ہمشیرہ اور سہیل مجید (بی تھری میر پور) کی خالہ محترمہ میر پور میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، نیک اور با اخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے میر پور میں پڑھائی۔

عبدالکلام (حاجی آئمہ)، افضال احمد قریشی و اعجاز احمد قریشی کو صدمہ

مورخہ 24 مارچ بروز ہفتہ عبدالکلام (حاجی آئمہ) کے بھانجے اور افضال احمد قریشی و اعجاز احمد قریشی کے بھائی ریاض احمد قریشی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نیک اور با اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ٹاہلیا نوالہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)